(Pages : 7)

Sl. No. 3006478

SSLC EXAMINATION, MARCH - 2024

URDU

First Language - Paper I

Time : 1½ Hours | Total Score : 40

പൊതു നിർദ്ദേശങ്ങൾ :

- ആദ്യത്തെ 15 മിനുട്ട് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ഈ സമയം ചോദ്യങ്ങൾ വായിക്കുന്നതിനും ഉത്തരങ്ങൾ ആസൂത്രണം ചെയ്യുന്നതിനും ഉപയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
- **1** മുതൽ **4** വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും **3** എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- **5** മുതൽ **8** വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും **3** എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- **9** മുതൽ **15** വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും **5** എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- **16** മുതൽ **21** വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും **4** എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- ഉത്തരം എഴുതുമ്പോൾ സ്കോർ, സമയം എന്നിവ പരിഗണിക്കണം.

Score

3x1=3 **1 سے 4 تک کے کسی تین سوالوں کے جواب لکھیے۔**

1 **1.** ان میں سے مدر تریسا کے بارے میں لکھی ہوئی نظم کا نام چن کر لکھیے۔

[غریبوں کا مسیحا، ہاتھوں کا ترانہ، کاغذ کی کشتی]

1 **2.** کسان 'شنکر' کس کہانی کا کردار ہے؟

[سوا سیر گیہوں، کابلی والا، انڈا ہے یا دانہ]

1 **3.** فضا ویران ہے گرمی کی شدّت ہے زمانے میں
مگر مصروف ہیں بیچارے دہقان ہل چلانے میں

اس شعر میں 'دہقان' سے کون مراد ہے؟

[کسان، مچھیرا، امیر]

P.T.O.

Score

1 4. صحیح جملہ چن کر لکھیے۔

☆ مچھیرا دربار میں آتی ہے۔

☆ مچھیرا دربار میں آتا ہوں۔

☆ مچھیرا دربار میں آتا ہے۔

3x2=6 5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی تین کا جواب لکھیے۔

2 5. مکالمے غور سے پڑھیے۔ مناسب کردار کا نام جوڑ کر لکھیے۔

[مچھیرا، رحمت، امرتا دیوی]

a	''مجھے قیمت نہ دیجیے بابو جی! منّی جیسی میری بھی بیٹی ہے۔ اس لیے میں اس کے لیے میوہ لاتا تھا۔''	....
b	''ان داتا! ان مچھلیوں کی قیمت صرف سو کوڑے ہیں''	....

2 6. اشعار غور سے پڑھیے۔ ان میں سے مزدوروں کے بارے میں لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔

☆ ہم نے صدیوں میں یہ آزادی کی نعمت پائی ہے
سینکڑوں قربانیاں دیکر یہ دولت پائی ہے

☆ تاریخ کے اور مشینوں کے پہیّوں کی روانی ان سے ہے
تہذیب کی اور تمدّن کی بھرپور جوانی ان سے ہے

☆ برستے بادلوں میں کھیتیاں جب لہلہاتی ہیں
تو ان کی آرزوئیں جھومتی ہیں مسکراتی ہیں

Score

2 .7 مناسب لفظ چن کر گروہ بھریے۔

[ڈراما، کہانی، آپ بیتی]

a	کھجری کے سائے میں	....	امرتا دیوی
b	عقل مند مچھیرا	بادشاہ سلامت	....

2 .8 خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملائیے۔

الف	ب
انڈا ہے یا دانہ	منشی پریم چند
سوا سیر گیہوں	احسان دانش
ہل چلائیں	ندا فاضلی
غریبوں کا مسیحا	لیو ٹالسٹائے

5x3=15 **9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی 5 کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔**

3 .9

مفلس کی کچھ نظر نہیں رہتی ہے آن پر
دیتا ہے اپنی جان وہ ایک ایک نان پر
ہر آن ٹوٹ پڑتا ہے روٹی کے خوان پر
جس طرح کتّے لڑتے ہیں ایک استخوان پر

نظیر اکبر آبادی ان اشعار میں مفلس لوگوں کی حالت بیان کرتے ہیں۔

بچّو، اشعار کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔

Score

3 **10.** کسان گووند کہتا ہے کہ "میں اب بھی تندرست ہوں۔

میں نے ابھی تک نہ کسی ڈاکٹر سے علاج کروایا اور نہ ہی کوئی دوا لی۔"

بچو، گووند کی تندرستی کی وجوہات کیا ہے ؟ اپنے خیالات لکھیے۔

3 **11.** یوگا ایک اچھی ورزش ہے۔ یہ خالص ہندوستان کی دین ہے۔

بچو، یوگا کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ نوٹ تیار کیجیے۔

3 **12.** کسان لوگ دن بھر کام کرتے ہیں اور دنیا کی بھوک مٹاتے ہیں۔

بچو، کسان کی اہمیت پر اپنے خیالات لکھیے۔

3 **13.** 'کاغذ کی کشتی' بچپن کے بارے میں لکھا ہوا مشہور گیت ہے۔

اس میں شاعر بچپن کے بارے میں کیا کیا بیان کرتے ہیں ؟ لکھیے۔

3 **14.** پیڑ کی حفاظت کے لیے امرتا دیوی نے اپنی جان قربان کر دی۔

پیڑ کی حفاظت ہمارا فرض ہے۔

بچو، پیڑ کی حفاظت پر تین نعرے تیار کیجیے۔

جیسے : | پیڑ نہ کاٹو جان بچاؤ |

exam WINNER ®

Score

3 15. عبارت غور سے پڑھیے اشاروں کی مدد سے تین سوالات تیار کیجیے۔

ظفر علی اپنے بیٹے عرفان کے ساتھ بیس سال کے بعد اپنے گاؤں لوٹ آیا۔ اب گاؤں کا منظر بالکل بدل چکا تھا۔ چھوٹی چھوٹی دکانوں کی جگہ عالی شان عمارتیں نظر آرہی ہیں۔ سڑک کے دونوں طرف کوڑے کرکٹ کے انبار سے آلودگی پھیلی ہوئی تھی۔ گاؤں کی بدلی ہوئی صورت دیکھ کر ظفر علی حیران رہ گیا۔

اشارے: [کیا، کون، کہاں، کیوں، کیسے]

4x4=16 16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔

4 16. ہندوستان میں کئی تاریخی عمارتیں ہیں۔ یہ ہماری تہذیب کی نشانی ہے۔

(a) بچوّ، ہندوستان کے دو تاریخی عمارتوں کے نام لکھیے۔

(b) پسندیدہ تاریخی عمارت کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

4 17. کہانی 'کابلی والا' آپ نے پڑھی ہے نا؟

(a) بچوّ، یہ کس کی کہانی ہے؟۔

(b) اس میں آپ کا پسندیدہ کردار کون ہے؟ کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

Score

4 **18.** اشاروں کی مدد سے مرزا غالب کے بارے میں سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔

مرزا غالب

اصل نام	:اسد اللہ خاں
تخلص	:غالب
پیدائش	:۲۷/دسمبر ۱۷۹۷ء آگرہ میں
شہرت	:غزل گو شاعر، خطوط نگار
مجموعے	:دیوانِ غالب، اردوئے معلی، عود ہندی
وفات	:۱۵/فروری ۱۸۶۹ء دلّی میں

4 **19.** مضمون 'نہ دھوپ سے پریشان' آپ نے پڑھا ہے نا؟ اس میں گاؤں کے لوگوں کے بارے میں بیان کرتے ہیں۔

بچّو، گاؤں کی خوبصورتی پر ایک منظر کشی تیار کیجیے۔

4 **20.** دلّی سفر کے بعد اگلے دن نہال احمد خوشی خوشی اسکول پہنچا۔

نہال احمد کو دیکھ کر دوست راجو پوچھنے لگا...

راجو: نہال! دلّی کا سفر کیسا تھا؟

نہال احمد: ....

بچّو، نہال احمد اور راجو کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

Score

4 **21.** مزدور کے بارے میں لکھے ہوئے اشعار غور سے پڑھیے۔

ان ہاتھوں کی تعظیم کرو
ان ہاتھوں کی تکریم کرو
دنیا کے چلانے والے ہیں
ان ہاتھوں کو تسلیم کرو

(a) ان اشعار کا شاعر کون ہے؟

(b) ان میں مزدوروں کے بارے میں شاعر کیا کہتے ہیں؟ اشعار کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

- o 0 o -